## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی قائد تحریک الطاف حسین سے فون پر گفتگو، خواتین کے تاریخی جلسہ عام کی مبارکباد پیش کی

## آپ نے خواتین کا اتنا بڑا جلسہ منعقد کر کے بہت بڑا کارنامہ انجام دیا ہے۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی

## جلسہ عام میں اتنی کثیر تعداد میں خواتین کا جمع ہونا ملک کیلئے امید کی کرن ہے۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی

## میں چاہتا ہوں کہ اسمبلیاں خواتین کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں اور جبر وتشدد کے خاتمہ کیلئے قوانین بنائیں، ان پر سختی سے عمل ہو اور خواتین کو انکے حقوق ملیں۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔ 21 فروری2012ء

وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو فون کر کے انہیں ایم کیوایم کے زیراہتمام کراچی میں ہونے والے خواتین کے تاریخی جلسہ عام کی مبارکباد پیش کی۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ ایسے حالات میں آپ نے خواتین کا اتنا بڑا جلسہ منعقد کر کے بہت بڑا کارنامہ انجام دیا ہے جس پر آپ اور آپ کی پارٹی کے تمام کارکنوں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ جلسہ عام میں اتنی کثیر تعداد میں خواتین کا جمع ہونا ملک کیلئے امید کی کرن ہے۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ اسمبلیاں خواتین کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں اور جبر وتشدد کے خاتمہ کیلئے قوانین بنائیں اور ان پر سختی سے عمل ہو اور خواتین کو ان کے حقوق ملیں۔ وزیراعظم نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ ہم اس سلسلے میں اتحادی جماعتوں کے ساتھ ملکر پارلیمنٹ میں آئینی ترامیم کر رہے ہیں اور ہماری کوشش ہے کہ جن علاقوں میں خواتین کو ووٹ ڈالنے سے روکا جاتا ہے وہاں بھی انہیں تحفظ حاصل ہو۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم کی کوششوں کو سراہا اور موجودہ حالات سے نمٹنے کے سلسلے میں ان کی جرات و بہادری کو بھی سراہا۔

## ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو خواتین کو زندگی کے تمام شعبوں میں ہر ممکن سہولیات فراہم کر کے انکی معیار زندگی کو بہتر بنانا چاہتی ہے، جناب الطاف حسین

## ایم کیوایم کی خواتین کا جلسہ دنیا کی تاریخ کا سب سے بڑا سیاسی جلسہ تھا، جناب الطاف حسین

## اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا احسان مند ہوں جس نے ایم کیوایم کو ایک بار پھر تاریخ ساز کامیابی سے ہمکنار کرایا

## خواتین آگے بڑھ کر ملک میں رائج فرسودہ قوانین کے خاتمے کیلئے اپنا عملی کردار ادا کریں

## الماس جیوانی نے اقوام متحدہ میں خواتین کے مسائل پر ہونیوالے سالانہ کنونشن میں شرکت کیلئے جناب الطاف حسین کو بطور مہمان خصوصی مدعو کیا

## خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں اقوام متحدہ میں خواتین کی نمائندہ اور کینیڈا کی انچارج الماس جیوانی سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ٹیلی فون پر گفتگو

لندن:۔۔۔21فروری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم خواتین کو معاشرے میں باعزت مقام دلانا چاہتی ہے اور اس سلسلے میں ملک بھر میں خواتین کے ساتھ ہونیوالے ایسے فرسودہ قوانین کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے جس سے خواتین میں محرومیاں جنم لیتی ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں اقوام متحدہ میں خواتین کی نمائندہ اور کینیڈا کی انچارج الماس جیوانی سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائم خانی، نسرین جلیل، اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست خواتین اراکین سندھ اسمبلی بھی موجود تھیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم آبادی کے لحاظ سے خواتین اور مردوں میں پائی جانیوالی محرومیوں کے خاتمے کیلئے انہیں مکمل آگاہی فراہم کرنے کیلئے ملک کی دیگر سیاسی جماعتوں کی نسبت زیادہ متحرک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم خواتین پر ڈھائے جانیوالے مظالم کیخلاف آواز حق بلند کرتی آرہی ہے۔ دنیا بھر میں قائم خواتین کے حقوق کی عالمی تنظیمیں خواتین کو انکے حقوق دلانے کیلئے جس طرح مصروف عمل رہتی ہیں اسی طرح پاکستان میں ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو خواتین کو زندگی کے تمام شعبوں میں ہر ممکن سہولیات فراہم کر کے انکے معیار زندگی کو بہتر بنانا چاہتی ہے تاکہ خواتین ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کو اُجاگر کر کے اس جدید دور میں اپنی قابلیت کا لوہا منوا سکیں۔ جناب الطاف حسین نے الماس جیوانی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے دیکھ لیا ہے کہ 19فروری کو ایم کیوایم کے تحت منعقدہ جلسہ عام میں خواتین نے لاکھوں کی تعداد میں شرکت کر کے جو طاقت کا مظاہرہ کیا ہے اور بہترین نظم وضبط کا ثبوت دیا، ایم

کیوایم کی خواتین کا جلسہ دنیا کی تاریخ کا سب سے بڑا سیاسی جلسہ تھا جس پر میں اپنے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا احسان مند ہوں جس نے ایم کیوایم کو ایک بار پھر تاریخ ساز کامیابی سے ہمکنار کرایا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جلسہ عام ''بااختیار عورت ۔۔مضبوط پاکستان کی کامیابی پر ملک میں موجود خواتین کے حقوق کی تنظیم کی رہنما عاصمہ جہانگیر صاحبہ اور دیگر خواتین کی تنظیموں اور انجمنوں کی رہنماؤں نے مجھے فون کر کے جلسہ کی تاریخ ساز کامیابی پر مبارکباد پیش کی ہے اور اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ سب کچھ کیسے ممکن ہوا اتنی بڑی تعداد میں خواتین نے جلسہ عام میں شرکت کر کے انقلاب برپا کردیا ہے، ہم گزشتہ 45 سالوں سے جو خواتین کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہے ہیں۔اس سے کہیں زیادہ جدوجہد جناب الطاف حسین نے کی ہے۔جس سے نہ صرملک بھر بلکہ دنیا بھر میں ایم کیوایم کا مثبت تاثر قائم ہوا ہے۔اس موقع پر الماس جیوانی نے بھی جناب الطاف حسین کو 19 فروری 2012ء کو منعقدہ خواتین کے فقید المثال جلسہ عام کی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی اور جلسہ عام کو دنیا کی تاریخ کا ایک بڑا جلسہ قرار دیا۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے لماس جیوانی کے خیالات کو سراہاتے ہوئے انہیں ایم کیوایم کے تحت 19 فروری کو منعقدہ خواتین کے جلسہ عام میں شرکت کرنے پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں اوران کی تنظیم کو خواتین کے حقوق کیلئے جدوجہد کرنے پر خراج تحسین پیش کیا اور انہیں یقین دلایا کہ ایم کیوایم خواتین کے حقوق کیلئے ان کی اوران کی تنظیم کی جانب سے کوششیں کرنے پر انکے شانہ بشانہ رہے گی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ خواتین آگے بڑھ کر ملک میں رائج فرسودہ قوانین کے خاتمے کیلئے اپنا عملی کردار ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ دنیا کے ہر شعبے میں خواتین کو نمائندگی دینے کی ضرورت ہے اور ایم کیوایم کی جانب سے ہونیوالے جلسہ عام سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ ایم کیوایم خواتین کو مردوں کے مساوی حقوق دلانے میں مصروف عمل ہے۔ جناب الطاف حسین نے مزید کہا کہ ایم کیوایم کینیڈا اور امریکہ میں جاری غریب ومتوسط طبقے کی جدوجہد کو روکنے کیلئے پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ اور بین الاقوامی سازشی عناصر نے عوام کو ایم کیوایم سے دور کرنے کیلئے جو منفی پروپیگنڈہ کیا اور اسے دہشت گرد تنظیم ثابت کرنے کی کوشش کی گئی لیکن اس کے باوجود ایم کیوایم کے پیغام کو دنیا بھر میں پھیلنے سے نہیں روکا جاسکا،ایم کیوایم ایک اعتدال وامن پسند،سیکولر تنظیم ہے جو پرامن جدوجہد پر یقین رکھتی ہے اور ملک سے انتہاء پسندی،فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔گفتگو کے دوران الماس جیوانی نے اقوام متحدہ میں خواتین کے مسائل پر ہونیوالے سالانہ کنونشن میں شرکت کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو بطور مہمان خصوصی مدعو کیا۔ جناب الطاف حسین نے اپنی گفتگو کے اختتام پر نوجوانوں خصوصاً طلباء وطالبات کو بھی جلسہ میں شرکت کرنے پر مبارکباد پیش کی ہے اوران سے اپیل کی ہے کہ وہ آگے بڑھے اور ملک کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔

## انسانی حقوق کی ممتاز رہنما اور سپریم کورٹ بار کی سابقہ صدر محترمہ عاصمہ جہانگیر کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے فون پر گفتگو،ایم کیوایم کے زیراہتمام ہونے والے خواتین کے تاریخی جلسہ کی مبارکباد پیش کی

## ایم کیوایم نے خواتین کا اتنا بڑا جلسہ عام کر کے وہ کام کردیا ہے جو آج تک کوئی بھی لبرل سیاسی جماعت یا تنظیم نہیں کرسکی۔عاصمہ جہانگیر

## یہ جلسہ خواتین کے حقوق کی جدجہد میں ایک اہم سنگ میل ہے اور اس پر ایم کیوایم مبارکباد کی مستحق ہے۔عاصمہ جہانگیر

## ایم کیوایم ایک لبرل جماعت کی حیثیت سے مظلوم خواتین کو انکے حقوق دلانے کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔الطاف حسین

لندن۔۔۔21 فروری 2012ء

انسانی حقوق کی ممتاز رہنما اور سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی سابقہ صدر محترمہ عاصمہ جہانگیر نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کو فون کر کے انہیں ایم کیوایم کے زیراہتمام ہونے والے خواتین کے تاریخی جلسہ عام کی مبارکباد پیش کی۔محترمہ عاصمہ جہانگیر نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے خواتین کا اتنا بڑا جلسہ عام کر کے وہ کام کردیا ہے جو آج تک کوئی بھی لبرل سیاسی جماعت یا تنظیم نہیں کرسکی۔ یہ جلسہ خواتین کے حقوق کی جدجہد میں ایک اہم سنگ میل ہے اور اس پر ایم کیوایم مبارکباد کی مستحق ہے۔عاصمہ جہانگیر نے جلسہ عام سے جناب الطاف حسین کے خطاب کو بھی سراہا اور اسے خواتین کے دل کی آواز قرار دیا۔ جناب الطاف حسین نے عاصمہ جہانگیر کا شکریہ ادا کیا اور انہیں یقین دلایا کہ ایم کیوایم ایک لبرل جماعت کی حیثیت سے ملک کی مظلوم خواتین کو ان کے حقوق دلانے اوران کے ساتھ کی جانے والی زیادتیوں کے خاتمہ کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

## ایم کیوایم جلد ہی پنجاب میں خواتین کا جلسۂ عام منعقد کرے گی، الطاف حسین
## خواتین بالخصوص طالبات پنجاب میں خواتین کے جلسۂ عام کے انعقاد کیلئے ذہنی وجسمانی طور پر تیار ہوجائیں
## رابطہ کمیٹی پاکستان اور لندن کے ارکان کے مشترکہ اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔21،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اعلان کیا ہے کہ ایم کیوایم جلد ہی پنجاب میں بھی خواتین کا جلسہ عام منعقد کرے گی ۔ یہ اعلان انہوں نے آج ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان اور لندن کے ارکان کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جناب الطاف حسین کو خواتین کے عظیم الشان اور تاریخ ساز جلسۂ عام کی کامیابی پر سیاسی ، مذہبی اور عوامی سطح پر پائے جانے والے جوش وخروش اور مختلف سیاسی و مذہبی رہنماؤں کی جانب سے مبارکباد کے پیغامات سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں عظیم الشان جلسہ عام کے انعقاد کے موقع پر کئے گئے انتظامات اور مختلف تنظیمی امور کا جائزہ لیا گیا۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کے دوران قائدِ تحریک جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تحت خواتین کے جلسہ عام کی تاریخ ساز کامیابی پر مبارکباد کے پیغامات دینے والی سیاسی ، سماجی ، مذہبی اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات کا شکریہ ادا کیا اور خواتین کے عظیم الشان جلسہ عام کی تاریخی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کا شکر بھی ادا کیا۔ انہوں نے صوبہ پنجاب کی خواتین بالخصوص یونیورسٹیوں ، کالجوں اور اسکولوں کی طالبات پر زور دیا کہ وہ صوبہ پنجاب میں خواتین کے جلسۂ عام کے انعقاد کیلئے ذہنی وجسمانی طور پر تیار ہوجائیں ، ایم کیوایم جلد ہی صوبہ پنجاب کی خواتین میں بیداری کیلئے پنجاب میں عظیم الشان جلسۂ عام کا انعقاد کرے گی اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے صوبہ پنجاب میں جلسہ عام کی تاریخ اور مقام کا اعلان جلد ہی کردیا جائے گا۔

## وزیر اعلیٰ سید قائم علی شاہ اور پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے صوبائی وزراء آغا سراج درانی ، ایاز سومرو اور رفیق انجینئر کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے فون پر گفتگو، ایم کیوایم کے زیر اہتمام ہونے والے خواتین کے جلسہ عام کی مبارکباد پیش کی
## خواتین کے جلسہ کے ذریعے پاکستان اور پوری دنیا کیلئے اچھا پیغام گیا ہے۔ قائم علی شاہ
## آپ نے خواتین کا شاندار جلسہ منعقد کرکے واقعی ایک تاریخ رقم کی ہے۔ آغا سراج درانی
## جلسہ عام میں ڈسپلن بھی قابل تعریف تھا۔ ایاز سومرو
## جلسہ عام کو پاکستان بھر کے لوگوں نے بہت سراہا ہے اور اس جلسہ عام کا سلوگن بھی بہت اچھا تھا۔ رفیق انجینئر
## قائد تحریک الطاف حسین کا جلسہ کے موقع پر سیکوریٹی اور دیگر انتظامات میں تعاون کرنے پر وزیر اعلیٰ اور صوبائی وزراء سے اظہار تشکر

کراچی ۔۔۔21 فروری2012ء

سندھ کے وزیر اعلیٰ سید قائم علی شاہ اور پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے صوبائی وزراء نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے ایم کیوایم کے زیر اہتمام ہونے والے خواتین کے جلسہ عام کی مبارکباد پیش کی ۔ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد سے ملاقات کے موقع پر وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ نے جناب الطاف حسین سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کا یہ جلسہ بڑا اچھا تھا اور اس جلسہ کے ذریعے پاکستان اور پوری دنیا کیلئے اچھا پیغام گیا ہے، ملک کا بہتر امیج ابھرا ہے جس پر ہم ایم کیوایم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اس موقع پر صوبائی وزراء آغا سراج درانی ، ایاز سومرو اور رفیق انجینئر نے بھی جناب الطاف حسین سے فرداً فرداً گفتگو کی اور انہیں خواتین کے تاریخی جلسہ عام کی مبارکباد پیش کی ۔ آغا سراج درانی نے جناب الطاف حسین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے خواتین کا شاندار جلسہ منعقد کرکے واقعی ایک تاریخ رقم کی ہے ، ایاز سومرو نے کہا کہ جلسہ عام میں ڈسپلن بھی قابل تعریف تھا۔ رفیق انجینئر نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ اس جلسہ عام کو پاکستان بھر کے لوگوں نے بہت سراہا ہے اور اس جلسہ عام کا سلوگن بھی بہت اچھا تھا۔ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد نے بھی جناب الطاف حسین کو جلسہ عام کی مبارکباد پیش کی ۔ جناب الطاف حسین نے بھی گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزراء آغا سراج درانی ، ایاز سومرو اور رفیق انجینئر کو بھی جلسہ عام کی مبارکباد پیش کی اور جلسہ عام کے موقع پر سیکوریٹی اور دیگر انتظامات میں تعاون کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

## خواتین کے تاریخی جلسۂ عام کی کامیابی پر ایم کیوایم برطانیہ کی جناب الطاف حسین کو مبارکباد

لندن۔۔۔21فروری2012ء

ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزرسلیم دانش جوائنٹ آرگنائزرفیض احمداوراراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کوخواتین کے تاریخی جلسۂ عام کی کامیابی پردلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہاکہ دنیابھرکی سیاسی تاریخ میں خواتین کاسب سے بڑا جلسہ عام منعقدکرکے جناب الطاف حسین نے نہ صرف نئی تاریخ رقم کردی ہے بلکہ پاکستان کی سیاست کوبھی ایک نیارخ دیدیاہےاوریہ نیارخ ملک بھرمیں غریب ومظلوم عوام اورخواتین کے انقلاب کی جانب اہم سنگ میل ہےاوراس جلسہ عام کی شاندارکامیابی دنیابھرمیں مقیم حقوق سے محروم،ظلم،جبروتشددکاشکارمظلوم خواتین کیلئے اعزاز،سہارااورتحفظ کاذریعہ ثابت ہوگااوراس جلسہ عام سے ثابت ہوگیاہے کہ اگرملک بھرکی مظلوم خواتین کوکوئی ان کے جائزحقوق دلواسکتاہےتووہ صرف ایم کیوایم اورقائدتحریک جناب الطاف حسین ہی ہیں۔

## ایم کیوایم کے وفدنے معروف فنکارہ تمناکےانتقال پران کی رہائش گاہ جاکرمرحومہ کےسوگوارلواحقین سے ملاقات کی
## جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارمرحومہ کی مغفرت اورلواحقین کیلئے صبرجمیل کی دعا

کراچی:۔۔۔21،فروری2012ء

متحدہ سوشل فورم کے جوائنٹ انچارجزغازی صلاح الدین،احمدسلیم صدیقی،ایم کیوایم کی مرکزی ایگزیکٹوکونسل کے ارکان انوراقبال اورنذیرعباسی نے معروف فنکارہ تمناکے انتقال پرگہرےافسوس کااظہارکیااورمرحومہ کی رہائش گاہ جاکران کے بھائی یوسف بیگ اورہمشیرہ کوثرحسین سمیت سوگوارلواحقین سے ملاقات کی۔وفدکےارکان نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے فنکارہ تمناکےانتقال پردلی تعزیت وہمدردی کااظہاربھی کیا۔وفدکےارکان کچھ دیرتک سوگوارلواحقین کے ہمراہ رہےاورانہوں نے مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## جناب الطاف حسین کےنظریہ اورحق پرستانہ عملی جدوجہد سے متاثرہوکرقمبرشہدادکوٹ نصیرآبادلوررڈگاؤں سے تعلق رکھنےوالی جاگیرانی برادری کےافرادکی ایم کیوایم میں شمولیت کااعلان
## ایم کیوایم ملک کی واحدسیاسی جماعت ہے جوفرسودہ جاگیرارانہ،وڈیرانہ اورسرمایہ دارانہ نظام کیخلاف عملی جدوجہدکررہی ہے، شمولیت اختیارکرنے والوں کےتاثرات
## فرسودہ جاگیردارانہ،وڈیرانہ نظام نے ملک کوتباہی کے دہانے پرلاکھڑاکردیاہے،آصف سومرو

قمبرشہدادکوٹ:۔۔۔21،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین کےنظریہ اورحق پرستانہ عملی جدوجہد سے متاثرہوکرقمبرشہدادکوٹ نصیرآبادلوررڈگاؤں سے تعلق رکھنے والی جاگیرانی برادری کے افرادنے ایم کیوایم میں شمولیت کااعلان کیاہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روزنصیرآبادمیں منعقدہ اجتماع کےدوران کیا۔اجتماع میں ایم کیوایم قمبرشہدادکوٹ زون کےانچارج آصف سومرووارا کین زونل کمیٹی،یونٹ کےانچارج واراکین کمیٹی کےعلاوہ کارکنان وعوام کی بڑی تعدادموجودتھی۔اس موقع پرشمولیت اختیارکرنے والے افرادنے اپنے خیالات کااظہارکرتے ہوئے کہاکہ ایم کیوایم ملک کی واحدسیاسی جماعت ہے جوفرسودہ جاگیرارانہ،وڈیرانہ اورسرمایہ دارانہ نظام کیخلاف عملی جدوجہدکررہی ہے۔انہوں نے کہاکہ قائدتحریک جناب الطاف حسین جیسالیڈرملک کی تاریخ میں ڈھونڈنے سےبھی نہیں ملےگاجس نے اپنی ذات کوپس پشت ڈال کرملک کےغریب ومتوسط طبقے کےمشن ومقصدکوفروغ دینے کیلئے اپنامثبت کرداراداکررہے ہیں۔انہوں نے کہاکہ یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کی ملک بھرمیں بڑھتی ہوئی مقبولیت کودیکھتے ہوئے آج ہماری برادری کےافرادایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں تاکہ حق پرستانہ جدوجہدمیں ایم کیوایم کے شانہ بشانہ جدوجہدکیلئے عملی کوششیں کرسکیں۔اس موقع پرایم کیوایم قمبرشہدادکوٹ زون کےانچارج آصف سومرونےشمولیت اختیارکرنے والےافرادکوایم کیوایم میں خیرمقدم کرتے ہوئے انہیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکبادپیش کی۔انہوں نے کہاکہ گزشتہ 64سالوں سے ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ،وڈیرانہ نظام نے ملک کوتباہی کے دہانے پرلاکھڑاکردیاہےاس فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین98فیصدغریب ومتوسط طبقے کےعوام کی ملک میں حکمرانی قائم کرناچاہتے ہیں،تاکہ ملک میں تعمیروترقی کی فضاءقائم ہواورپاکستان مضبوط ہو۔

## جلسہ ''بااختیار عورت۔۔۔مضبوط پاکستان'' کی کامیابی ایم کیو ایم کے شہداء کے لہو کے صدقے نصیب ہوئی ہے، محمد یونس

### محمد یونس کی جلسہ عام ''بااختیار عورت۔۔۔مضبوط پاکستان'' کی تاریخ ساز کامیابی پر جناب الطاف حسین اور پوری قوم کی خواتین کو مبارکباد

واشنگٹن ڈی سی:۔۔۔21فروری،2012ء

ایم کیو ایم امریکہ کے انٹرنیشنل ریلیشنز ڈویژن کے ڈپٹی کوآرڈینیٹر محمد یونس نے ایم کیو ایم کے تحت منعقدہ جلسہ عام ''بااختیار عورت۔۔۔مضبوط پاکستان'' کی تاریخ ساز کامیابی پر ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین اور پوری قوم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں محمد یونس نے کہا کہ ایم کیو ایم نے اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ایک بار پھر کراچی میں خواتین کا بڑا جلسہ عام منعقد کر کے ثابت کر دیا ہے کہ حالات چاہئے کچھ بھی ہوں، وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں یہی وجہ ہے کہ جلسہ عام ''بااختیار عورت۔۔مضبوط پاکستان'' دنیا کی تاریخ کا بڑا جلسہ قرار دیا جا رہا ہے جس نے ایم کیو ایم مخالفین کو واضح طور پر یہ پیغام دے دیا ہے کہ ملک بھر کی خواتین قائد تحریک جناب الطاف حسین پر نہ صرف مکمل اعتماد کرتی ہیں بلکہ انکے شانہ بشانہ ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم سے متحد و منظم ہو کر خواتین کے حقوق کیلئے کی جانیوالی جدوجہد میں اپنا کردار ادا کرنا چاہتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جلسہ ''بااختیار عورت۔۔۔مضبوط پاکستان'' کی کامیابی ایم کیو ایم کے شہداء کے لہو کے صدقے نصیب ہوئی ہے جنھوں نے حق پرستانہ جدوجہد کیلئے اپنی جانوں کی قربانیاں دیکر شہید ہوگئے اور رہتی دنیا تک امر ہوگئے لہٰذا ایم کیو ایم کے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا ہے۔

## خواتین کا دنیا کا سب سے بڑا جلسہ عام خواتین کے جائز حقوق کے حصول کی فتح ہے، کشور زہرا

### جلسہ عام میں بھرپور شرکت کر کے اسے شاندار کامیابی سے ہمکنار کرانے پر ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں سے دلی تشکر کا اظہار

کراچی:۔۔۔21فروری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی شعبہ خواتین کی انچارج کشور زہرا اور اراکین کمیٹی نے جلسہ ''بااختیار عورت۔۔۔مضبوط پاکستان'' کی عظیم الشان کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور دنیا بھر کی خواتین کو مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم نے ہمیشہ معاشرے میں خواتین کو باوقار مقام دلانے کیلئے عملی جدوجہد کی ہے اور ملک بھر میں خواتین کے خلاف رائج فرسودہ رسومات کے خلاف آواز بلند کی ہے۔انہوں نے کہا کہ خواتین کے تاریخ ساز جلسہ عام کی کامیابی نے خواتین کے حقوق کو بری طرح پامال کرنے والوں کو واضح پیغام دیدیا ہے اور اب کوئی ظالم جابر مظلوم خواتین کو اتنی آسانی سے ظلم و جبر کا نشانہ نہیں بنا سکتا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم خواتین کے جائز حقوق کے حصول کی جدوجہد جاری رکھے گی اور انشاء اللہ مظلوم قومیتوں کی طرح خواتین کے حقوق بھی جناب الطاف حسین کی قیادت میں ہی حاصل ہوں گے۔شعبہ خواتین کی انچارج و اراکین نے جلسہ عام کو دنیا کا سب سے بڑا خواتین کا تاریخ ساز جلسہ بنا کر کامیاب کرانے پر شرکت کرنے والی تمام ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور جلسہ عام کی کامیابی کو خواتین کے جائز حقوق کے حصول کی فتح قرار دیا۔

## ایم کیو ایم سوگوار کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔21،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کونسل آف پروفیشنلز کے انچارج علی راشد کی دادی بیگم امت الحسیم، ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی اولڈ ملیر مراد میمن سیکٹر کے انچارج سلیم جوکھیو کے بھائی تنویر احمد میمن، لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن محمد جمشید کی والدہ محترمہ انیس بانو، پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ کرنال کالونی کے کارکن غلام نبی کی والدہ محترمہ حنیفہ بی بی اور ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 114 کے کارکن انور علی آفریدی کے والد شاہ وزیر خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## 70فیصد سے زیادہ ریونیو فراہم کرنے کے باوجود کراچی کے حصے میں بہت تھوڑی خوشیاں میسر آتی ہیں

## اے پی ایم ایس اوگزشتہ 10 سالوں سے جامعہ کراچی میں پیغامِ امن کرکٹ ٹورنامنٹ منعقد کرکے جامعہ کراچی کے طلباء کوخوشیاں اکھٹی کرنے کا موقع فراہم کررہی ہے

### اے پی ایم ایس او کے تحت منعقدہ دسویں پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے حیدرعباس رضوی، ڈاکٹر محمد قیصرودیگر کا خطاب

کراچی۔۔۔21فروری2012

حق پرست ڈپٹی پارلیمانی لیڈر برائے قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی نے کہاہے کہ کراچی پاکستان کو70 فیصد سے زیادہ ریونیوفراہم کرتا ہےاس کے باوجود کراچی کے حصے میں بہت تھوڑی ہی خوشیاں میسر آتی ہیں تاہم جوخوشی بھی میسر آئے تو کراچی کے عوام کودل کھول کرخوش ہونا چاہیے،اس سلسلے میں جہاں شہر میں آئے دن خوف کی فضاء قائم ہوجاتی وہاں اے پی ایم ایس اوگزشتہ 10 سالوں سے جامعہ کراچی میں پیغامِ امن کرکٹ ٹورنامنٹ منعقدکر کے جامعہ کراچی کے طلباء کوخوشیاں اکھٹی کرنے کا موقع فراہم کررہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انھوں نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے تحت جامعہ کراچی میں منعقدہ دسویں پیغامِ امن کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب میں میڈیا اور حاضرین سے گفتگوکرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر جامعہ کراچی کے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد قیصر، پرووائس چانسلر ڈاکٹر ناصرالدین خان، ڈین فیکلٹی آف آرٹس پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال، ڈین آف مینجمنٹ آف سائنسز ڈاکٹر ابوذر رواجدی، ڈائریکٹر اسٹوڈینٹس افیئر انصر رضوی، اے پی ایم ایس او کے وائس چیئرمین راحیل احمد، سیکریٹری جنرل توصیف اعجاز، جوائنٹ سیکریٹری عادل خان، سیکریٹری نشرواشاعت شبیر علی بابر، مختلف شعبہ جات کے سربراہان واساتذہ، جامعہ کراچی سیکٹر کے ذمے داران وکارکنان اور طلبہ وطالبات کی بہت بڑی تعداد موجود تھی۔ایک سوال کے جواب میں انھوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان نے پارلیمنٹ سے اپنی پہلی تقریر میں جووعدے کئے ان میں سے ایک وعدہ طلباء یونینز کی بحالی کا تھا مگر افسوس کہ ہمارے ملک کے سیاستدانوں کی یاداشت کمزور ہوتی ہے اوریہی وجہ ہے کہ طلبہ یونینز پر سے پابندی اُٹھائی نہیں جاسکی ہے جس کا براہ راست نقصان پاکستان کوپہنچ رہا ہے۔انھوں نے کہا کہ اگرطلبہ یونینز بحال ہوتیں تواس ملک کی باگ ڈور باشعور و باہمت اور بڑھے لکھے نوجوانوں کے ہاتھوں میں ہوتی جس سے پاکستان کوفرسودہ اورآزمائے ہوئے ناکام سیاستدانوں سے چھٹکارا حاصل ہوتا اور ملک ترقی کرتا۔انھوں نے جامعہ کراچی کی تعریف ہوئے کہا کہ جامعہ کراچی وہ مادرِ علمی ہے کہ جہاں سے ملک کے بڑے بڑے نامور شخصیات نے تعلیم حاصل کی جبکہ بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین نے بھی جامعہ کراچی سے ہی اے پی ایم ایس او بنا کر جدوجہد کا آغاز کیا۔انھوں نے کہا کہ جامعہ کراچی میں طلباء پڑھنے اور سیکھنے آتے ہیں لیکن وہ خودبھی جامعہ کراچی کے سابقہ طالب علم ہونے کے ناطے یہ بات بلاجھجک کہہ سکتے ہیں کہ یہاں انھیں زندگی گزارنے کا سلیقہ بھی سکھایا اور سمجھایا جاتا ہے۔قبل ازیں حیدرعباس رضوی نے گیند کوہٹ لگا کر ٹورنامنٹ کا باقاعدہ آغاز کیا اور ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر اے پی ایم ایس او کے ذمے داران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی کاوشوں کوسراہا۔بعدازاں جامعہ کے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد قیصر نے پیغامِ امن کرکٹ ٹورنامنٹ کو جامعہ میں امن کی بحالی اور استحکام میں ایک سنگِ میل قرار دیا۔

☆☆☆☆☆